© rasailojaraid.com



لڑائی مسیلمہ کذاب کے خلاف یمامہ کے مقام پر لڑی گئی۔ لشکرِ اسلام میں حضرت عبادؓ بن بشر بھی شامل تھے۔ وہ مرتدین کے خلاف سر ہتھیلی پر رکھ کر لڑے اور کشتوں کے پشتے لگا دیئے۔ آخر بہت سے مرتدین نے انھیں گھیر لیا اور ان پر تیروں، تلواروں اور برچھیوں کا مینہ برسا دیا، عبادؓ نے آخری دم تک تلوار ہاتھ سے نہ چھوڑی اور مردانہ وار لڑتے ہوئے جامِ شہادت پی کر خلدِ بریں میں پہنچ گئے۔ اس وقت ان کی عمر ۴۵ برس کی تھی۔ کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔ حضرت عبادؓ کو روایتِ حدیث کا موقع نہیں ملا اس لیے ان سے صرف دو حدیثیں مروی ہیں۔ ان کی جلالتِ قدر کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ انھیں انصار کے تین بہترین آدمیوں میں سے ایک قرار دیتی تھیں، دوسرے دو حضرت سعدؓ بن معاذ اور حضرت اُسیدؓ بن حُضَیر تھے۔

حضرت عبادؓ بن بشر کے صحیفۂ حیات میں سبقت فی الاسلام، اخلاص فی الدین، جذبۂ فدویت، حُبِ رسول، دیانت و امانت، شوقِ جہاد اور شغفِ عبادت سب سے نمایاں ابواب ہیں۔ فرائض کی ادائیگی کے ساتھ لوگوں کو قرآن اور شریعت کی تعلیم دینا، رات رات بھر جاگ کر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے مسلمانوں کی حفاظت کرنا یا عبادتِ الٰہی میں مشغول رہنا اور پھر ان کو شریکِ جہاد ہونا ان کے ایسے اوصاف ہیں جن میں بہت کم لوگ ان کے شریک و سہیم ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

---

# ترجمان کے زرِ سالانہ میں اضافہ

قارئین سے پیشگی معذرت کے ساتھ گزارش ہے کہ روز بروز بڑھتی ہوئی گرانی کے پیش نظر پرچے کے جملہ اخراجات کے نرخ بڑھ گئے ہیں۔ اس لیے ہم مجبوراً ترجمان کے زرِ سالانہ میں اضافہ کر رہے ہیں۔
چنانچہ اب فی پرچہ اور زرِ سالانہ کا حساب مندرجہ ذیل ہوگا۔

فی پرچہ:- ۲/ روپے زرِ سالانہ:- ۲۰/ روپے

**مینیجر ماہنامہ ترجمان الحدیث**

مرکزی دفتر تحریکِ اہلحدیث۔ چوک چوبرجی بہاولپور روڈ، لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# ترجمان کے دفتر کی منتقلی

قارئین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بعض وجوہ کی بنا پر ترجمان الحدیث کا دفتر اقبال ٹاؤن سے چوک چوبرجی منتقل کر لیا گیا ہے اس لیے اب خط و کتابت اور ترسیل زر کے لیے مندرجہ ذیل پتہ نوٹ فرمالیں۔

**مینیجر ماہنامہ ترجمان الحدیث**

**مرکزی دفتر تحریک اہلحدیث چوک چوبرجی بہاولپور روڈ لاہور**


پندرہویں صدی ہجری کے آغاز پر ایک ایمان افروز تحفہ!

اُردو زبان میں پہلی مرتبہ

خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صد سے زائد صحابیات کے تذکارِ جمیل پر مشتمل ایک لافانی کتاب

**تذکارِ صحابیات رض**

- سیرت، تاریخ، تحقیق اور ادب کا نہایت حسین امتزاج، نامور مؤرخ اور ادیب طالب ہاشمی کے قلم سے!
خورشیدِ رسالت ﷺ کی ان عالمتاب کرنوں کے تذکرے پڑھ کر آپ کا مشامِ جان معطر ہو جائے گا ——!

- خود پڑھیئے - اپنے اہلِ خانہ کو پڑھائیے - بچیوں کو تحفہ میں دیجئے۔

بڑا سائز، ضخامت ساڑھے پانچ صد صفحات، دیدہ زیب کتابت، طباعت ، مجلد قیمت ۴۵.۰۰ روپے

ادارۃ الحسنات (نزد چونگی) ملتان روڈ، لاہور


© rasailojaraid.com